عوامی اعتماد ہمارا سہارا، پھر بنے گی ہماری حکومت: یوگی

2021 تک ڈیڑھ کروڑ نئے لوگوں کو بھاجپا کنبہ کا حصہ بنانے کا ہے نشانہ: بنسل

لکھنؤ (ایس این بی)

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ممبران پارلیمنٹ واسمبلی کو سرکاری اسکیموں کے مستفید ین کے گھر جانے کا نشانہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ساڑھے چار برسوں میں محروم طبقہ حکومت کی پالیسیوں کے مرکز میں رہا ہے۔ سیلاب ہو یا کورونا، لوگوں کو لگا کہ بھاجپا حکومت اور پارٹی کارکنان ان کے نہ کہہ کر بھی ان کے درد کو سمجھ رہے ہیں۔ لوگوں کے دل میں حکومت کے تئیں ایک اعتماد پیدا ہوا ہے۔ ہر طبقہ پر جوش ہے۔ یہی جوش اور اعتماد ہمارا سرمایہ ہے۔

وزیراعلیٰ یوگی آج اتوار کو گنو رکشا وکاسی حلقہ کے بھاجپا ممبران پارلیمنٹ واسمبلی اور ضلع صدور کے ساتھ ترقیاتی پروجیکٹوں کے سلسلہ میں تبادلہ خیال کررہے تھے۔ وزیراعلیٰ کی رہائش پر منعقد اس پروگرام میں بھاجپا کے یوپی انتخابی انچارج ومرکزی وزیر ہمیندر پردھان، ریاستی انچارج رادھا موہن سنگھ، ریاستی صدر سوتنتر دیو سنگھ، ریاستی تنظیمی جنرل سکریٹری سنیل بنسل اور نائب وزیراعلیٰ بھی موجود تھے۔ ہرشیل کے ممبر پارلیمنٹ وممبران اسمبلی سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایسا کوئی

اسمبلی حلقہ نہیں ہوگا، جہاں ایک ہزار کروڑ روپے سے زائد کے ترقیاتی پروجیکٹوں کی منظوری نہ ہوئی ہوں۔ ممبران پارلیمنٹ کو خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مرکز سے جاری جو اسکیمیں زیرالتوا ہوں، ان کے لیے ممبران پارلیمنٹ کو خود پہل کرکے مرکزی وزراء سے بات کرنی چاہیے۔ یہ تال میل اور ہم ورک آئندہ اسمبلی الیکشن میں بہت کارآمد ثابت ہوگا۔ مرکزی وزراء اور بھاجپا کے یوپی انتخابی انچارج دھرمیندر پردھان نے عوامی فلاحیتوں کا ثبوت ودلال کے ساتھ عوام کے درمیان جانے کا نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ گزشتہ ساڑھے چار برس میں یوگی حکومت نے جس طرح مرکزی حکومت کی اسکیموں کو عملی جامہ پہنچایا، بہتر ہے کہ ہر ممبر پارلیمنٹ واسمبلی، پارٹی کے عہدیدار گزشتہ حکومتوں اور یوگی حکومت کے مقابلہ اعداد وشمار کے ساتھ آپ ڈیٹ رہیں۔ بھاجپا کے ریاستی صدر سوتنتر دیو سنگھ نے کہا کہ بھاجپا نظریاتی پارٹی ہے۔ کچھ سماج مخالف طاقتیں ہمیں توڑنے اور بدنام کرنے میں لگی ہیں۔ پورے ملک کی نگاہیں اترپردیش پر ہے۔ لوگ ریاست کو بدنام کرنے کی سازش رچ رہے ہیں۔ ضلع صدور وممبران اسمبلی عوام سے رابطہ بنائے رکھیں۔ پارٹی کے ریاستی تنظیمی جنرل سکریٹری سنیل بنسل نے بھاجپا کے ممبران پارلیمنٹ واسمبلی کو ایک ایک کارکن اور رائے دہندہ تک براہ راست رابطہ کرنے کو کہا۔ انہوں نے بتایا کہ سال کے اخیر یعنی دسمبر تک ڈیڑھ کروڑ نئے لوگوں کو بھاجپا کنبہ کا حصہ بنانے کا نشانہ ہے۔ اس ہم پروگرام میں سبھی ممبران پارلیمنٹ، ممبران اسمبلی، موجودہ سیلوں کی حصہ داری ضروری ہے۔ وڈھرہست کے ازسرنو معائنہ پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت جتائے ہوئے مسٹر بنسل نے کہا کہ ایک بھی اہل شخص وڈ ہٹنے سے نہ چھوٹے اس پر توجہ دینی ہوگی۔

متعدی امراض سے بچاؤ کیلئے فاگنگ جاری رکھیں: وزیراعلیٰ

لکھنؤ (ایس این بی) وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ڈوناٹفکس سے بچاؤ اور علاج کے انتظامات کو مسلسل بہتر بنایا جائے۔ ریاست میں انفلوئنزا تیزی سے کم ہو رہا ہے لیکن ابھی ختم نہیں ہوا ہے اس لئے اضافی مستعدی اور احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کووڈ پروٹوکال پر مکمل طور سے عمل یقینی بنائے جانے کی ہدایت دی ہے۔

وزیراعلیٰ اتوار کو اپنے سرکاری رہائش پر منعقد اعلیٰ سطحی میٹنگ میں کووڈ-19 کی صورت حال کا جائزہ لے رہے تھے۔ میٹنگ میں وزیراعلیٰ کو واقف کرایا گیا کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ریاست میں کورونا انفکشن کے 18 نئے معاملے سامنے آئے ہیں۔ اس مدت میں 13 افراد کو کامیاب علاج کے بعد ڈسچارج کیا گیا۔ موجودہ وقت میں ریاست میں کورونا کے سرگرم معاملوں کی تعداد 141 ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈینگو، ڈائریا، کالرا سمیت دیگر بیماریوں سے بچاؤ کے لئے صفائی، سینیٹائزیشن اور فاگنگ کا کام مسلسل جاری رکھا جائے۔ وزیراعلیٰ نے متعدی امراض سے بچاؤ کے سلسلہ میں لوگوں کو بیدار کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ سروس کے تبدیل ڈالنا کی ٹینڈوں میں اچانک اضافہ دیکھا گیا ہے۔ انہوں نے خوردنی تیلوں کی قیمتوں پر مؤثر کنٹرول کرنے کے لئے ذرخ پیداوار اکشمکز کو ہدایت دی۔ وزیراعلیٰ نے ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی۔

خوردنی تیلوں کی قیمتوں پر مؤثر کنٹرول کرنے کی ہدایت

ضرورت مندوں کی مدد کرنا کارِ ثواب: مولانا جہانگیر عالم قاسمی

انجمن فلاح دارین کے تحت مستحقین میں ٹرالی رکشہ، سائیکل ونقد تقسیم

لکھنؤ (ایس این بی)

انجمن فلاح دارین گولمبو گنج کی جانب سے آج مستحقین میں امداد کی تقسیم کے لیے ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت انجمن کے صدر مولانا جہانگیر عالم قاسمی نے کی۔ بطور مہمان خصوصی مظفر احمد لاری شریک ہوئے۔ پروگرام کا آغاز محمد سلمان ندوی کی تلاوت کلام اللہ سے ہوا۔ مولانا جہانگیر عالم قاسمی نے انجمن کی روداد بتاتے ہوئے کہا کہ یہ انجمن 31 برسوں سے ضرورت مندوں، یتیموں و بیواؤں کی مسلسل مدد کررہا ہے۔ ادھر کورونا وبا کے سبب حالات بہتر نہیں تھے، جس کی وجہ سے تقسیم کا عمل مؤخر کردیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت مندوں کی مدد کرنا کارِ ثواب ہے، اس لیے ہم نے ہمیشہ یہ خیال رکھا ہے کہ جو قوم انجمن کے پاس آتی ہے اس کو مستحق افراد تک پہنچائیں۔ اس کے لیے جو درخواستیں ہمارے پاس آتی ہیں، اس کی خطّہ کے دو معتبر شخص سے تصدیق کراتے ہیں اور جب انجمن مطمئن ہوجاتا ہے کہ یہ حقیقت میں ضرورت مند ہے تو

اس کی مدد کی جاتی ہے۔ انہوں نے مستحقین کو تاکید کی کہ آپ جس مقصد سے رقم، سلائی مشین، ٹھیلہ یا لرائی رکشے لے جارہے ہیں اسی مقصد سے کام کریں، اس کا کوئی غلط استعمال نہ ہو، اس کو فروخت نہ کریں اور نہ ہی کرایہ پر دیں بلکہ خود بزنس کریں اور اپنے گھر کے اخراجات نکالیں۔

انجمن کی جانب سے آج مستحقین کی مدد کی گئی، جس میں چار لوگوں کو کاروبار کے لیے ٹھیلے دیے گئے، دو لوگوں کو رکشہ ٹرالی دی گئی، دو خواتین کو سلائی مشین مع پائیدان، ایک طالب علم کو سائیکل، تین طالبات کو سالانہ مکمل فیس دی گئی، ایک لڑکی کی شادی میں مدد کی گئی۔ اس کے لیے 9 افراد کو مختلف کاروبار کے لیے نقد رقم دی گئی۔ پروگرام میں انجمن کے جنرل سکریٹری محمد اسلام فیصل، حشمت علی خاں ایڈوکیٹ، ڈاکٹر اسلم حبیب، سید محمد عارف، ایڈوکیٹ ضیاء جیلانی، امان خان، محسن عظیم لاری، محمد بلال صدیقی، محمد صفوان صدیقی وغیرہ موجود تھے۔

کانگریس راجستھان کے دلت پریوار کو 50 لاکھ کا معاوضہ دے گی؟ مایاوتی کا سوال

لکھنؤ (ایس این بی) راجستھان میں دلت کا پیٹ پیٹ کر قتل کیے جانے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے بہوجن سماج پارٹی سپریمو مایاوتی نے کانگریس پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ اترپردیش میں سیاسی مفاد کے لئے کسانوں کی اموات پر گھڑیالی آنسو بہانے والی کانگریس کیا دلت پریوار کو 50 لاکھ روپے کا مالی تعاون دے گی۔ مایاوتی نے آج اتوار کو ٹویٹ کرتے ہوئے لکھا 'راجستھان کے ہنومان گڑھ میں دلت کا پیٹ پیٹ کر قتل کیا جانا کافی تکلیف دہ و شرمناک ہے لیکن کانگریس ہائی کمان چپ کیوں ہے۔ کیا چھتیس گڑھ و پنجاب کے وزیراعلیٰ وہاں جاکر متاثرہ کنبے کو 50-50 لاکھ روپے کا مالی تعاون دیں گے۔ بی ایس پی جواب چاہتی ہے ورنہ دلتوں کے نام پر گھڑیالی آنسو بہانا بند کریں۔

مایاوتی نے سمپورنا کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ اجے مشرا ٹینی کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا اور کہا کہ بی جے پی اپنے وزیر کا خود استعفیٰ لے۔ ایسی صورت میں ہی کسان پریواروں کو انصاف کی امید ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا یوپی کے لکھیم پور کھیری تشدد میں مرکزی وزیر کے بیٹے کا نام سرنیوں میں آنا یہ بی جے پی حکومت کے طرز عمل پر متعدد سوالات کھڑے کرتا ہے۔ ایسے میں بی ایس پی کا مطالبہ ہے کہ بی جے پی اپنے وزیر سے خود استعفیٰ لے اسی وقت کسانوں کو انصاف کی امید ہوسکتی ہے۔ جموں وکشمیر میں ہندو اور سکھ سماج کے لوگوں کے قتل پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا' جموں۔ کشمیر میں آئے دن وہاں دہشت گردوں کے ذریعہ بے گناہوں کا کیا جارہا بہیمانہ قتل کافی تکلیف دہ ہے۔ مرکزی حکومت سخت قدم اٹھائے بی ایس پی کا یہ مطالبہ ہے۔

اترپردیش میں کورونا کے 18 نئے معاملے

لکھنؤ (ایس این بی) ایڈیشنل چیف سکریٹری طب وصحت امت موہن پرساد نے بتایا کہ ریاست میں ایک روز میں کل ایک لاکھ 74 ہزار 734 سیمپل کی جانچ کی گئی، جس میں کورونا وبا کے 18 نئے معاملے سامنے آئے ہیں۔ ریاست میں اب تک 8 کروڑ 12 لاکھ 11 ہزار 528 سیمپل کی جانچ کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں کورونا کے کل 141 ایکٹیو معاملے ہیں۔ جانکاری کے مطابق سب سے زیادہ کورونا کے 5 مریض گوتم بدھ نگر، چار مریض لکھنؤ، متھرا وآگرہ کے مطابق ایک ایک مریض پریاگ راج، اورپا، فیروز آباد، مرادآباد، اعظم گڑھ میں جبکہ ایک ایک پاٹے گئے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹے میں کورونا سے کسی بھی مریض کی موت نہیں ہوئی ہے۔ ویسے اب تک ریاست میں کورونا سے کل 22 ہزار 896 مریضوں کی موت ہوچکی ہے۔

مسٹر پرساد نے بتایا کہ کووڈ ویکسی نیشن کا کام مسلسل جاری ہے۔ کل ہفتہ کو ایک روز میں چار لاکھ 29 ہزار 299 کووڈ ویکسین کی ڈوز دی گئی ہے۔ ریاست میں اب تک پہلی ڈوز 9 کروڑ 7 لاکھ 77 ہزار 695 اور دوسری ڈوز 2 کروڑ 42 لاکھ 44 ہزار 637 لگائی گئی ہے۔ اب تک 11 کروڑ 50 لاکھ 22 ہزار 332 ویکسین لگائی جاچکی ہے۔

بنکروں کی جوبات کرے گا مومن انصار سبھا اس کی حمایت کرے گی

مومن انصار سبھا کا گیارہواں قومی اجلاس نومبر میں ہوگا: اکرم انصاری

لکھنؤ (پریس ریلیز)

اسمبلی الیکشن 2022 جیسے جیسے قریب آرہا ہے ہیں، ویسے ویسے سبھی سیاسی پارٹیوں نے کام کرنا شروع کردیا ہے۔ ذات برادری کی باتیں اٹھنے لگی ہیں۔ کوئی ذات مرد مشاری کی بات کررہا ہے، کوئی دلت کی، کوئی پچھڑوں بنکروں کی، کوئی دست کاروں و پسماندہ کی۔ لیکن یہ سبھی پارٹیاں پچھڑوں کو آبادی کے تناسب میں اپنی پارٹی سے اسمبلی الیکشن میں ٹکٹ دے کر اسمبلی بھیج کر ان سبھی کی اقتصادی، سماجی، سیاسی

حالت کو سدھارنے کی بات نہیں کررہی ہیں۔ یہ پارٹیاں ان کو صرف ووٹ بینک بنا کر رکھنا چاہتی ہیں۔ ایسے میں دلت، پچھڑے، سماج کے طبقہ ست میں چل کر کام کرنا ہوگا۔ اس لیے مومن انصار سبھا کا گیارہواں قومی اجلاس نومبر میں ہوگا۔ اس میں پچھڑوں کی پارٹی بھاری پارٹی کی حمایت کرے گی۔ یہ باتیں مومن انصار سبھا کے قومی صدر محمد اکرم انصاری نے آج اتوار کو یوپی پریس کلب میں منعقد مومبائی مجلس عاملہ کی نشست میں کہیں۔ نشست میں ریاست کے ہر ضلع کے عہدیداروں نے حصہ لیا۔

اس موقع پر لکھیم پور کھیری میں ہوئے کسانوں کے ساتھ قہر وبربریت کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی۔ سبھی عہدیداروں نے کہا کہ کسان، بنکر، متوسط طبقہ اور چھوٹے چھوٹے کاروباریوں کے بنیادی حقوق کو چھینا جارہا ہے۔ مہنگائی کی زبردست مار غریب عوام پر پڑ رہا ہے۔ منسٹر اعزاری نے بتایا کہ مومن انصار سبھا کا گیارہواں قومی اجلاس نومبر کے آخری ہفتہ میں راجدھانی میں ہوگا، جہاں ہر شعبے سے کارکنان اور عہدیداران شامل ہوں گے۔ یہ پروگرام خاص طور سے کارگزار صدر محمد خمیم انصاری، اکرام انصاری، معین الدین انصاری، فروز عالم قریشی، ایوب انصاری، رشید کلیم، حافظ شاہد عالم، شبیر انصاری، حاجی گلیل انصاری، نیم الدین، پرویز انصاری، بلیم انصاری، شفیق انصاری، معراج الدین انصاری، شمش القمر، نواب انصاری، شاداب انصاری، محبوب عالم، غلام مصطفیٰ، احمد خمیم الانصاری، عبدالقادر، رحمت لکھنوی، قوی خاں، اعجاز لکھنوی، ڈاکٹر آصف کلام، امراد احمد ایڈوکیٹ، عبدالعالم، رضوان احمد، عمران راجو، رئیس انصاری، منصور جمال وغیرہ موجود تھے۔

اطاعت نبویؐ میں ہی فلاح وکامرانی ہے: مولانا سفیان نظامی

راجدھانی میں مختلف مقامات پر 12 روزہ جلسہ سیرت النبیؐ جاری

لکھنؤ (پریس ریلیز)

راجدھانی میں مختلف مقامات پر 12 روزہ جلسہ سیرت النبیؐ کا انعقاد ہورہا ہے، جس میں کثیر تعداد میں لوگ شرکت کررہے ہیں۔ **اسلامک سنٹر آف انڈیا فرنگی محل** کے تحت دارالعلوم نظامیہ فرنگی محل کی جامع مسجد عیدگاہ میں 'سیرت النبیؐ وسیرت صحابہؓ وتحفظ شریعت کے جلسہ کو خطاب کرتے ہوئے مولانا محمد سفیان نظامی استاد دارالعلوم نظامیہ فرنگی محل نے کہا کہ تمہارے لیے خدا کے رسولؐ میں اچھا نمونہ ہے، اس کے لیے جو خدا سے امید کرتا ہو اور آخرت کو یاد کرتا ہو، اور جس نے خدا تعالیٰ کو بہت یاد کیا ہو۔ مومن کے لیے خدائے بزرگ وبرتر کے آخری پیغمبر حضور پاک ورحمتی کا بیندار ہیں، اپنی زندگی کے لیے آپؐ کی سیرت سے روشنی حاصل کرنا، آپؐ کے نقش قدم پر چلنا اور اپنے کردار واخلاق وصفات میں رسول اکرمؐ کو اپنے لیے نمونہ بنانا ہر مسلمان کا اولین فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ اطاعت نبویؐ میں ہی فلاح وکامرانی ہے اور یہی ایک خوبصورت مومن کا طریقہ ہے اور جس نے اس طریقہ سے ہمارا نمونہ برتی، وہ صحیح راستہ سے دور ہوگیا۔ جلسے کا آغاز قاری طریق الاسلام کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بارگاہ رسالت مآبؐ میں نذرانہ عقیدت وحمد ونعت ومنقبت دارالعلوم فرنگی محل کے طالب علم محمد کامل نے پیش کیا۔

مسجد یکمنارہ اکبری گیٹ کے مرکزی تحت الحلاظ کی جانب سے بارہ روزہ نبی آخر الزماںؐ کا تیسرا جلسہ استاذ الحفاظ حافظ عبدالرشید کی سرپرستی وسیّد محمد اقبال کے زیر انتظام منعقد ہوا جس کا آغاز قاری محمد سلیمان وقاری محمد

متعلقہ امراض سے بچاؤ کیلئے فاگنگ جاری رکھیں: وزیراعلیٰ

کی قیمتوں پر مؤثر کنٹرول کرنے کی ہدایت

یوپی میں بھی ہوگا سمندری طوفان کا اثر: جے پی گپتا

ماہرین موسمیات 20 اکتوبر کے بعد ظاہر کریں گے اپنی رائے

لکھنؤ (ایس این بی)

اترپردیش سمیت ملک کی متعدد ریاستوں میں سمندری طوفان جواد کا خطرہ ہے۔ یہ طوفان 15 اکتوبر کے بعد موثر ہوگا، لیکن یوپی میں اس کا اثر 20 اکتوبر کے بعد نظر آئے گا۔ ریجنل موسمیات مرکز لکھنؤ کے ڈائرکٹر جے پی گپتا نے بتایا کہ اس وقت خلیج بنگال میں شدید سمندری طوفان بن رہا ہے۔ اس سے ملک میں سخت طوفان آسکتا ہے لیکن یہاں اترپردیش میں طوفان کا اثر کب ہوگا، اس بابت 20 اکتوبر سے پہلے کچھ کہنا جلد بازی ہوگی۔ ماہر موسمیات اس سمندری طوفان پر نگاہ لگائے ہوئے ہیں۔ 2021 میں کچھ کچھ وقفہ پر چار بڑے سمندری طوفان تاؤ تے، یاس، گلاب اور شاہین کے بعد ایک بار پھر ایک نئے سمندری طوفان کا خطرہ بحرہندستان پر منڈرانے لگا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خلیج بنگال میں 11 اکتوبر کے بعد لو پریشر ایریا سرگرم ہونے کا امکان ہے۔ اس کے بعد آئندہ چار پانچ دن میں یہ لو پریشر ڈپریشن میں تبدیل ہوجائے گا اور ایک طاقتور سمندری طوفان میں تبدیل ہوسکتا ہے۔ ماہرین موسمیات نے بتایا کہ اس طوفان کا نام جواد رکھا گیا ہے، جس کا نام سعودی عرب نے رکھا ہے۔ ماہرین کے مطابق طوفان کے اثر انداز ہونے کی قوی امکان ہے۔ جو اس کی طاقت کا ثبوت دکھائیں گے۔ ماہرین موسمیات کے مطابق جواد طوفان کا ٹریک اڈیسہ چھتیس گڑھ، اندھرا پردیش، تلنگانہ، مہاراشٹر سے ہوکر گزرے گا، جس کی وجہ سے پورے علاقہ میں بادل چھا جائیں گے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

15 اکتوبر کو جنوبی اڈیسہ کے ساحلی علاقوں میں لینڈفال کرنے کا امکان ہے۔ پھر پرسیال مغرب کی طرف بڑھے گا۔ جس کی وجہ سے شدید بارش کا بھی امکان ہے۔ یہ سمندری طوفان اترپردیش کے علاوہ اڈیسہ، اندھرا پردیش، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر کے ساتھ این سی آر، دہلی، ہریانہ اور مشرقی راجستھان پر

جعلی دستاویز تیار کرکے فروخت کردیں

ایل ڈی اے کی زمینیں، سرغنہ گرفتار

لکھنؤ (ایس این بی) لکھنؤ ترقیاتی اتھارٹی کی زمین کے جعلی دستاویز تیار کرکے رجسٹری کرنے والے جعلساز کو گرفتار کرکے پولیس نے جیل بھیج دیا۔ گومتی نگر پولیس کا کہنا ہے کہ لکھنؤ ترقیاتی اتھارٹی (ایل ڈی اے) کے افسر نے اطلاع دی کہ ایل ڈی اے کے پلاٹ جو کہ دستاویز رجسٹری کی گئی ہیں، وہ پلاٹ مجرمانہ سازش کے تحت مالی فائدہ اٹھانے کے لئے کئی لوگوں کو جعلی رجسٹری کی گئی ہیں۔ ملزمان نے فرضی دستاویز تیار کرکے ایل ڈی اے کی زمینوں کو بڑپنے کی کوشش کی ہے۔ اس اطلاع پر پولیس نے معاملہ کی جانچ کی تو گومتی کا سرغنہ پون کمار کا نام روشنی میں آیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس نے جعلی دستاویز تیار کرکے لوگوں کو ایل ڈی اے کی زمینیں فروخت کیں۔ پولیس نے پون کمار کو ڈاکٹرام منوہر لوہیا پارک کے پاس گرفتار کرلیا۔ پون کمار ولد رام آسرے ساکن موضع بھیتر گاؤں تھانہ گومتی نگر رائے بریلی ضلع کا رہنے والا ہے جو اس وقت ای 4/1231 نارمرد ستار یو ہتا تھانہ سروجنی نگر میں رہ رہا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس کے خلاف فریب دہی کرکے زمین فروخت کرنے کے معاملہ میں تین مقدمے درج کئے گئے ہیں۔

لکھنؤ: گورنر ہاؤس میں دگاپوجا اور گربا، کے دوران گورنر آنندی بین پٹیل گربا سے لطف اندوز ہوتی ہوئیں، جس میں افسران وملازمین کے کنبوں نے شرکت کی۔

مشن شکتی کے تحت چار مجرموں کو دلائی گئی پھانسی کی سزا

محکمہ استغاثہ کی کوشش سے 74 مقدموں میں 134 مجرموں کو عمر قید کی سزا: اونیش کمار اوستھی

لکھنؤ (ایس این بی)

وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ہدایت پر ریاست سے ریاستی سطح پر مشن شکتی تیسرے مرحلہ کی مہم کے تحت مجرموں کو سزا دلانے کے ثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ ایڈیشنل چیف سکریٹری داخلہ اونیش کمار اوستھی نے بتایا کہ اس مدت میں محکمہ استغاثہ نے مؤثر پیروی کے ذریعہ کل 4 ملزمان کو پھانسی کی سزا دلانے میں مدد کی، جس میں سے فیروز آباد کے دو مقدموں میں دو ملزمان اور باغپت اور لکھنؤ کے ایک ایک مقدمہ میں ایک ایک مجرم کو پھانسی کی سزا ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس مدت میں ریاست کے مختلف اضلاع میں پھلنے والے 74 مقدموں میں 134 مجرموں کو عمر قید کی سزا موثر طریقہ سے دلانے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ عمر قید کی سزا دلانے والے تین اضلاع علی گڑھ، بریلی وبیتاپور ہیں۔ اس کے علاوہ 89 مقدموں میں 98 مجرموں کو 10-10 برس یا اس سے زائد کی سزا دلانے میں کامیابی ملی وشاہجہانپور خاص طور سے ہیں۔ جبکہ 221 مقدموں میں 262 مجرموں کو 10 برس سے کم کی سزا دلائی گئی ہے۔ اس میں خاص طور سے کانپور نگر، علی گڈھ اور کاس گنج ہیں۔ اس کے علاوہ 977 مقدموں میں 1027 مجرموں کی ضمانت خارج کرائی گئی ہے۔

کوئلے کی کمی ..... صفحہ اول کا بقیہ

وہیں دہلی کے وزیر بجلی ستیندر جین نے بھی اس سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقد کی، جس میں وزارت کوئلہ سے مطالبہ کیا گیا کہ دہلی کیلئے مرکزی حکومت مناسب کوئلہ فراہم کرے۔ این ٹی پی سی سے دہلی کو کوئلہ فراہم کیا جاتا ہے۔ دہلی میں کم از کم ایک مہینے کا کوئلہ اسٹاک ہوتا تھا، لیکن اب یہ ایک دن پر آگیا ہے، جو دہلی میں بجلی کا بحران مزید گہرا کرسکتا ہے۔ ٹاٹا پاور، جو دہلی کو بجلی فراہم کرتی ہے، کا کہنا ہے کہ اسے کوئلے کی شدید کمی کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے شمالی اور شمال مغربی دہلی میں بجلی کی سپلائی 2 سے 6 گھنٹے کم ہوسکتی ہے۔ دہلی کے دیگر علاقوں میں بھی بجلی کی بندش ہوسکتی ہے۔ اترپردیش میں 14 ٹیرفعال پلانٹس کے ساتھ بجلی کا بحران مزید گہرا ہوگیا ہے، جن میں سے 8 کوئلے کی کمی کی وجہ سے بجلی پیدا نہیں کررہا ہے ہیں۔ دہلی سے ملحقہ نوئیڈا میں لوگوں کو پچھلے 2 دنوں سے 2 سے 5 گھنٹے بجلی کی بندش کا سامنا ہے۔ نوئیڈا پاور کمپنی لمیٹڈ کا کہنا ہے کہ اس کے پاس کوئلے کی 20-25 فیصد کمی ہے، جس کی وجہ سے پاور پلانٹس نہیں چل رہے ہیں اور علاقے میں بجلی کا بہت بڑا بحران ہوسکتا ہے۔

یوپی میں .....

اتنی مہنگی بجلی خریدنا ریاست کی بجلی کمپنیوں کے لئے مشکل ہورہا ہے۔ اس لئے کنٹوتی شروع کی گئی ہے۔ دوسری طرف آل انڈیا پاور انجینئرس فیڈریشن کے صدر شیلیندر دوبے نے آج بتایا کہ اترپردیش میں سرکاری ملکیت والی بجلی یونٹوں میں کوئلے کی زبردست قلت کے سبب بجلی پیدا اور بہت کم ہوگئی ہے، جس کی وجہ سے مواصلات اور قصبوں میں بجلی بہت زیادہ کنوتی کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کول انڈیا کے ذریعہ کئے جانے والی کوئلے کی پیداوار میں کافی گراوٹ آئی ہے کیونکہ انڈیا کول فیلڈ (سنگرولی، چھاترکنڈ اور بہار) اور سنٹرل کول فیلڈ (مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ) میں تیسرے کے آخر میں بہت زیادہ بارش ہونے کے سبب کوئلے کی کانوں میں پانی بھر گیا ہے۔ موجودہ حالت یہ ہے کہ ہر روز 25 لاکھ میٹرک ٹن کی ضرورت کے مقابلے صرف 16 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن کو سپلائی ہورہی ہے۔ مسٹر دوبے نے بتایا کہ یوپی میں حکومت کی ملکیت والے چار بڑے پن۔ بجلی گھروں میں سے پانچ بجلی پیدا اور ہر روز اوسط ہی صرف آدھے دن کا کوئلہ رہ گیا ہے۔ اور اوراچرا میں بھی صرف دو دن کا کوئلہ باقی بچا ہے۔ ضابطہ یہ ہے کہ کوئلہ کان کے قریب واقع بجلی گھروں میں کم سے کم سات دن کا اور دور کے بجلی گھروں میں کم سے کم چھ دن کے کوئلہ کا ذخیرہ رہنا چاہئے۔ این ٹی پی سی کے مختلف بجلی گھروں میں بھی بجلی کی زبردست قلت ہوگئی ہے۔ ملک میں 135 پن۔ بجلی گھر ہیں جن میں سے تقریباً آدھے میں کوئلہ ختم ہوچکا ہے۔ پیداوار کار پوریشن کے تازہ اعداد وشمار کے مطابق اترپردیش کی ہر روز آج اکائی میں بجلی پیداوار 610 کے بجائے صرف 230 میگاواٹ، پانچ ہائی میں 920 میگاواٹ کے بجائے صرف 320 میگاواٹ بجلی پیدا ہورہی ہے۔ لیکنڈ اور روجا سمیت سبھی بجلی پیداوار یونٹوں میں بھی زیادہ سے زیادہ تین دن کا کوئلہ بچا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اترپردیش میں حالات اور بھی سنگین ہوگئے ہیں کیونکہ اترپردیش پرکول انڈیا کا تقریباً 1500 کروڑ روپے کا بقایہ ہے۔ اس لئے اس نے اترپردیش کو تنجنی لسٹ میں تیسرے نمبر پر ڈال دیا ہے۔

مرکزی میلاد کمیٹی کے تحت مشاعرہ جشنِ خیر البشرؐ 18 کو

لکھنؤ (پریس ریلیز)

معروف تنظیم جشنِ خیر البشر ﷺ مرکزی میلاد کمیٹی بیتا ہی۔ جھاش چندر بوس کامپلیکس منڈی، چوک کے تحت اتوار 18 اکتوبر کی درمیانی شب میں کووڈ-19 کے پروٹوکول کی پابندی کرتے ہوئے محدود پیمانے پر مسجد راحتی اور کمپاؤنڈ میں عید میلاد النبیؐ کی محفل میں علماء کی تقاریر ہوں گی۔ بعدہ مشاعرۂ نعت ومدح صحابہؓ کا انعقاد ہوگا جس میں معروف شعراء گھائے عقیدت پیش کریں گے۔ یہ باتیں کمیٹی کے سرپرست اعلیٰ مولانا خالد رشید نظام الدین فرنگی محلی نے آج محمد شعیب کی قیام گاہ فخاس میں ہونے والی سالانہ میٹنگ میں تائیں۔ میٹنگ کی صدارت تنظیم کے صدر محمد عثمان سینئر کانگریسی رہنما، ٹریڈ یونین لیڈر نے کی۔ لطافت کوئینز رفعت شیدا صدیقی نے کی۔ تنظیم کے جنرل سکریٹری رئیس احمد نے کہا کہ ہماری حتی الامکان کوشش ہوگی کہ امسال عید میلاد النبیؐ میں جلسۂ سیرت النبی ﷺ وسیرت صحابہؓ کے پروگرام کو گزشتہ سال سے بہتر کیا جائے۔

شہر میں آج

- مسجد سیکٹر 5 وکاس نگر میں مولانا قاری محمد ریاض مظاہری ندوی کا درس قرآن بعد نماز مغرب۔
- امام باڑہ شبیشاہ بلاڈ نگ فخاس میں مجلس عزا 8.30 بجے۔
- امام باڑہ جھاؤلال ٹھاکر گنج میں مجلس عزا بعد نماز مغرب۔